


# 100 Hadees Posts

## Volume 7

# 100 حدیث پوسٹس

## جلد 7




رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

# بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً

## میرا پیغام لوگوں کو پہنچاؤ!
## اگرچہ ایک ہی آیت ہو

صحیح البخاری 3461

## حدیثیں پھیلانے والوں کے لیے نبی ﷺ کی دُعا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

نَضَّرَ اللَّهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا حَدِيثًا فَبَلَّغَهُ

**اللہ تعالیٰ اس شخص کو تروتازہ رکھے جس نے میری کوئی حدیث سُنی اور اسے دوسروں تک پہنچا دیا،**

سُنن ابنِ ماجہ232



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

## کیا میں تمہیں ایک کلمہ نہ بتا دوں

## جو جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے؟

# لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

(یعنی گناہوں سے بچنا اور نیکی کرنا یہ اسی وقت ممکن ہے جب اللہ کی مدد شامل ہو)

صحیح البخاری 4205، 6384، 6409، 7386، صحیح مسلم 6864، 6868،

سُنن ترمذی 3374، 3461، سُنن ابنِ ماجہ 3824، 3826



# 99 بیماریوں کی دُعا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَنْ قَالَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

كَانَ دَوَاءً مِنْ تِسْعَةٍ وَتِسْعِينَ دَاءً أَيْسَرُهَا الْهَمُّ

---

جو شخص پڑھے

## لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

یہ اس کے لیے 99 بیماریوں کی دوا ہے جن میں سے سب سے ہلکی بیماری "ھم" (غم) ہے

مستدرک حاکم 1990 (دعا، تکبیر و تہلیل اور تسبیح و ذکر کا بیان)



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

تَبَسُّمُكَ فِي وَجْهِ أَخِيكَ لَكَ صَدَقَةٌ

اپنے بھائی کے سامنے تمہارا مسکرانا تمہارے لیے صدقہ ہے

سُنن ترمذی 1956



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

---

**لَا تَكْرَهُوا الْبَنَاتِ، فَإِنَّهُنَّ الْمُؤْنِسَاتُ الْغَالِيَاتُ**

**بیٹیوں کو بُرا نہ سمجھا کرو،**

**کہ وہ انتہائی گراں قدر، غمخوار ہوتی ہیں**

مسند احمد 17373



# غم کے وقت کی دُعا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

یونس علیہ السلام کی دُعا جو انہوں نے مچھلی کے پیٹ میں رہنے کے دوران کی تھی وہ یہ تھی

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ

تیرے سوا کوئی معبود سچا نہیں تو پاک ہے،
یقیناً میں ہی ظالموں میں سے ہوں ( الانبیاء 87 )

کیونکہ یہ ایسی دُعا ہے کہ جب بھی کوئی مسلمان شخص اسے پڑھ کر دُعا کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی دُعا قبول فرمائے گا

سُنن ترمذی 3505






## گناہ یوں بھی مِٹ جاتے ہیں

ارشادِ باری تعالیٰ ہے

# اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ ؕ

## بیشک نیکیاں برائیوں کو مٹا دیتی ہیں

ھود 114

---

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

## جہاں بھی رہو اللہ سے ڈرو،
## اورگناہ کے بعدنیکی کرو، وہ اس گناہ کوختم کر دے گی،

ترمذی 1987

مثلاً نماز پڑھو، صدقہ وخیرات کرو، نیکی کے دیگر کام اور کثرت سے توبہ واستغفار کرو

# ظالم کا انجام

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

---

إِنَّ اللّٰهَ لَيُمْلِي لِلظَّالِمِ حَتَّى إِذَا أَخَذَهُ لَمْ يُفْلِتْهُ

اللہ تعالیٰ ظالم کو چند روز دنیا میں
مہلت دیتا رہتا ہے
لیکن جب پکڑتا ہے تو پھر نہیں چھوڑتا

صحیح البخاری 4686



# والدین کی خدمت کا مقام

ایک صحابی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا،

کیا میں بھی جہاد میں شریک ہو جاؤں؟

نبی کریم ﷺ نے دریافت فرمایا کہ

تمہارے ماں باپ موجود ہیں

انہوں نے کہا کہ جی ہاں موجود ہیں۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ

پھر انہیں میں جہاد کرو

صحیح بخاری 5972

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مسلمان جب بھی کسی پریشانی،
بیماری، رنج و ملال، تکلیف اور غم میں
مبتلا ہو جاتا ہے یہاں تک کہ
اگر اسے کوئی کانٹا بھی چُبھ جائے

تو اللہ تعالیٰ اسے اس کے گناہوں کا
کفارہ بنا دیتا ہے

صحیح البخاری 5641



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کے مطابق

## قبر کے تین سوالات

مَنْ رَّبُّكَ - تیرا رب کون ہے؟ مَا دِيْنُكَ - تیرا دین کیا ہے؟

مَنْ نَّبِيُّكَ - تیرا نبی کون ہے؟

سُنن ابوداؤد 4753، مشکوۃ المصابیح 131

## قیامت کے دن کے سوالات

قیامت کے دن کسی بندے کے دونوں پاؤں نہیں ہٹیں گے
یہاں تک کہ اس سے یہ نہ پوچھ لیا جائے:

اس کی عمر کے بارے میں کہ اسے کن کاموں میں ختم کیا
اس کے علم کے بارے میں کہ اس پر کیا عمل کیا
اس کے مال کے بارے میں کہ اسے کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا
اور اس کے جسم کے بارے میں کہ اسے کہاں کھپایا

سُنن ترمذی 2417

# تحفہ یا عطیہ دے کر واپس لینا

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا :**

الْعَائِدُ فِي هِبَتِهِ كَالْكَلْبِ يَقِيءُ ثُمَّ يَعُودُ فِي قَيْئِهِ

اپنا ہِبہ (عطیہ، تحفہ) واپس لینے والا
اس کتے کی طرح ہے
جو قے کر کے پھر چاٹ جاتا ہے

صحیح البخاری 2589، 2621، 6975، صحیح مسلم 4170، 4173، 4174، 4176
سُنن ترمذی 1298، سُنن ابو داؤد 3538، سُنن نسائی 3724





# دکھ درد ختم کرنے کیلئے دُعا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

جب بھی کسی کو کوئی فکر و غم اور رنج وملال لاحق ہو اور وہ یہ دُعا پڑھے
(اس طویل دُعا میں یہ بھی ہے)

**اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ الْقُرْآنَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَنُوْرَ صَدْرِيْ وَجَلَاءَ حُزْنِيْ وَذَهَابَ هَمِّيْ**

اے اللہ ! تو قرآن کو میرے دل کی بہار اور میرے سینے کا نور اور میرے غم کو دور کرنے والا اور میرے فکر کو لے جانے والا بنا دے

مسند احمد 5576، حصن المسلم 120

# قرض تو شہید کا بھی معاف نہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

يُغْفَرُ لِلشَّهِيدِ كُلُّ ذَنْبٍ إِلَّا الدَّيْنَ

**اللہ تعالیٰ شہید کا ہر گناہ بخش دے گا**
**لیکن قرض نہیں بخشے گا**

صحیح مسلم 4883






رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

اَلْعَبْدُ آمِنٌ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مَا اسْتَغْفَرَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ

## بندہ اُس وقت تک

## اللہ تعالیٰ کے عذاب سے امن میں رہتا ہے، جب تک اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتا رہتا ہے

مسند احمد 5483

# نکاح کا اظہار اور ولیمہ کا اہتمام

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا:

## أَعْلِنُوا النِّكَاحَ : نکاح کا اعلان کرو

مستدرك حاكم 2748

---

عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے کھجور کی گٹھلی کے برابر سونے پر نکاح کیا
تونبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو کہا:

## أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ: ولیمہ کرو چاہے ایک بکری سے ہی ہو

صحیح مسلم 3491، صحیح بخاری 6082،3937،5072،5155، سُنن ترمذی 1094،
سُنن أبو داؤد 2109، سُنن نسائی 3390، سُنن ابن ماجہ 1907

# شادیوں کو آسان بنائیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

## "بڑی برکت والا نکاح وہ ہے جس میں بوجھ کم ہو"

(مشقت، خرچ اور تکلف کم سے کم ہو)

شعب الایمان (جلد 5 حدیث نمبر- 6566)



# شادی کا اصل معیار - دین داری

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

---

عورت سے نکاح چار چیزوں کی بنیاد پر کیا جاتا ہے
اس کے مال کی وجہ سے اور اس کے خاندانی شرف کی وجہ سے
اور اس کی خوبصورتی کی وجہ سے اور اس کے دین کی وجہ سے

اور تُو دیندار عورت سے نکاح کرکے کامیابی حاصل کر،
اگر ایسا نہ کرے تو تیرے ہاتھوں کو مٹی لگے گی
(یعنی اخیر میں تجھ کو ندامت ہوگی)

صحیح بخاری 5090، صحیح مسلم 3635، سُنن ابو داؤد 2047، سُنن نسائی 3232، سُنن ابنِ ماجہ 1858



## ہر کام و کلام کی ابتداء ربِ کریم کے بابرکت نام سے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاداتِ مبارک:

---

جو بھی اہم کام اللہ کی حمد و ثنا سے نہ شروع کیا جائے،
وہ برکت سے خالی ہوتا ہے

سُنن ابنِ ماجہ 1894

---

ہر وہ کلام جس کی ابتداء
الحمدللہ ( اللہ کی تعریف ) سے نہ ہو
تو وہ ناقص و ناتمام ہے

سُنن ابو داؤد 4840



مروی ہے کہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دُعا کیا کرتے تھے

---

# اَللّٰهُمَّ أَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْأُمُورِ كُلِّهَا
# وَأَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْآخِرَةِ

اے اللہ! ہمارے تمام امور میں ہمارے انجام کو اچھا کر دے
اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے
پناہ میں رکھنا

مسند احمد 5638، مستدرک للحاکم 6508



# ہر حال میں اللہ کی حمد و ثنا



رسول اللہ ﷺ جب کوئی اچھی بات دیکھتے تو فرماتے

## اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ

تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس کی مہربانی سے
تمام نیک کام پایہ تکمیل کو پہنچتے ہیں

اور جب کوئی ناپسندیدہ بات دیکھتے تو فرماتے

## اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی كُلِّ حَالٍ

ہر حال میں اللہ کا شکر ہے

سُنن ابن ماجہ 3803

# آدھا جسم دھوپ اور آدھا چھاؤں میں

بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دھوپ اور سایہ کے درمیان میں بیٹھنے سے منع کیا ہے

سُنن ابنِ ماجہ 3722

یعنی اس طرح بیٹھنے سے کہ بدن کا ایک حصہ دھوپ میں رہے، اور ایک حصے پر سایہ،
اس لئے کہ یہ امر طبّی طور پر مضر ہے اور بیماری پیدا کرتا ہے



الحمد لله

رسول الله صلی الله علیه وسلم کے ارشادِ مبارک میں هے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَأُ الْمِيزَانَ

# اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ترازو کو بھر دیتا ہے

صحیح مسلم 534

یعنی اس قدر اس کا ثوابِ عظیم ہے کہ
اعمال تولنے کا ترازو اس کے اجر سے بھر جائے گا







رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادِ مبارک میں ہے

# سُبحَانَ اللہ اور اَلحَمدُ لِلّٰہ

# آسمانوں سے زمین تک کی وسعت کو

# بھر دیتے ہیں

صحیح مسلم 534

# راستے میں سے تکلیف دہ چیز ہٹانے کا ثواب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

میں نے جنت میں ایک شخص کو مزے اُڑاتے دیکھا
جس نے ایک درخت کو راہ میں سے کاٹ دیا تھا
جس سے لوگوں کو تکلیف ہوتی تھی

صحیح مسلم 6671



# سوتے وقت آیۃُ الکُرسِیْ پڑھا کریں

جب تم اپنے بستر پر سونے کے لیے لیٹنے لگو
تو آیۃُ الکرسی پڑھ لیا کرو،

اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے
تم پر ایک نگہبان مقرر ہو جائے گا
اور شیطان تمہارے قریب
صبح تک نہ آ سکے گا

صحیح بخاری 3275



معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا:

اے معاذ! قسم اللہ کی، میں تم سے محبت کرتا ہوں،
قسم اللہ کی میں تم سے محبت کرتا ہوں

پھر فرمایا: اے معاذ! میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں،

## ہر نماز کے بعد یہ دُعا پڑھنا کبھی نہ چھوڑنا

## اَللّٰهُمَّ أَعِنِّیْ عَلٰی ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ

اے اللہ! اپنے ذکر، شکر اور اپنی بہترین عبادت کے سلسلہ میں
میری مدد فرما

سُنن ابو داؤد 1522 سُنن نسائی 1304



# بیماری سے گناہوں کا مِٹنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

---

فَإِنَّ مَرَضَ الْمُسْلِمِ يُذْهِبُ اللَّهُ بِهِ خَطَايَاهُ
كَمَا تُذْهِبُ النَّارُ خَبَثَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ

بیشک بیماری کے ذریعہ اللہ تعالیٰ
مسلمان بندے کے گناہوں کو ایسے ہی دور کر دیتا ہے
جیسے آگ سونے اور چاندی کے میل کو دور کر دیتی ہے

سنن أبي داؤد 3092



# مومن اور فاجر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

---

اَلْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِيمٌ

وَالْفَاجِرُ خِبٌّ لَئِيمٌ

**مومن بھولا بھالا اور شریف ہوتا ہے**

**اور فاجر فسادی اور کمینہ ہوتا ہے**

سُنن ابو داؤد 4790، سُنن ترمذی 1964



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

غصہ شیطان کے سبب ہوتا ہے،

اور شیطان آگ سے پیدا کیا گیا ہے،

اور آگ پانی سے بجھائی جاتی ہے،

لہٰذا تم میں سے کسی کو جب غصہ آئے تو وضو کر لے

سُنن ابو داؤد 4784



# نیکی کا بدلہ ضرور دیا کرو

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادِ مبارک میں ہے

---

## جو شخص تم پر احسان کرے
## تو تم اس کے احسان کا بدلہ چُکاؤ،

## اور اگر بدلہ چُکانے کی کوئی چیز نہ پا سکو
## تو اس کے لیے اتنی دُعا کرو
## جس سے تم یہ سمجھو
## کہ تم نے اس کا بدلہ چُکا دیا

**سُنن ابوداؤد 5109، 1672 سُنن نسائی 2568**

# احسان کا بدلہ ضرور دیا کرو

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادِ مبارک میں ہے:

جو شخص تم پر احسان کرے
تو تُم اس کے احسان کا بدلہ چُکاؤ،

اور اگر بدلہ چُکانے کی کوئی چیز نہ پا سکو
تو اس کے لیے اتنی دُعا کرو
جس سے تُم یہ سمجھو کہ تُم نے اس کا بدلہ چُکا دیا

سُنن ابوداؤد 5109



اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝

بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں۔
اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود بھیجو،
اور خوب سلام بھیجا کرو

الاحزاب 56

عرض کیا گیا:
یا رسول اللہ! آپ ﷺ پر سلام کا طریقہ تو ہمیں معلوم ہو گیا ہے،
لیکن آپ ﷺ پر صلاۃ (درود) کا کیا طریقہ ہے؟

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یوں پڑھا کرو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ
وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ
وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

صحیح بخاری 4797، 3370، 6357، صحیح مسلم 908،

سُنن ترمذی 483، سُنن ابو داؤد 976، سُنن نسائی 1290، سُنن ابنِ ماجه 904،




رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

# میرے اُوپر درود بھیجا کرو

## کیونکہ تم جہاں بھی رہو گے

## تمہارا درود مجھے پہنچایا جائے گا

**سُنن ابوداؤد 2042**

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْد
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادِ مبارک میں ہے:

أَنْ تَعْبُدَ اللَّهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ

# تم اللہ کی عبادت اس طرح کرو گویا تم اسے دیکھ رہے ہو

# اگر یہ درجہ نہ حاصل ہو تو پھر یہ تو سمجھو کہ وہ تم کو دیکھ رہا ہے

صحیح بخاری 50، 4777، صحیح مسلم 97، سُنن ابنِ ماجہ 64



# نمازِ جنازہ میں شرکت اور تدفین تک رُکے رہنے کا ثواب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

جس نے جنازہ میں شرکت کی پھر نماز جنازہ پڑھی
تو اسے ایک قیراط کا ثواب ملتا ہے اور جو دفن تک ساتھ رہا
تو اسے دو قیراط کا ثواب ملتا ہے۔

پوچھا گیا کہ : دو قیراط کتنے ہوں گے؟
فرمایا کہ : "دو عظیم پہاڑوں کے برابر"

صحیح البخاری 1325



# قبر آخرت کی سب سے پہلی منزل

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

---

إِنَّ الْقَبْرَ أَوَّلُ مَنْزِلٍ مِنْ مَنَازِلِ الْآخِرَةِ، فَإِنْ نَجَا مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ أَيْسَرُ مِنْهُ،
وَإِنْ لَمْ يَنْجُ مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ أَشَدُّ مِنْهُ

## آخرت کے منازل میں سے قبر پہلی منزل ہے،

سو، اگر کسی نے قبر کے عذاب سے نجات پائی تو اس کے بعد کے مراحل آسان ہوں گے اور اگر جسے عذاب قبر سے نجات نہ مل سکی تو اس کے بعد کے منازل سخت تر ہوں گے

ترمذی 2308



# نرم مزاجی، عاجزی، نرم دِلی اور حلیم الطبع صفات

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

يَدْخُلُ الْجَنَّةَ أَقْوَامٌ أَفْئِدَتُهُمْ مِثْلُ أَفْئِدَةِ الطَّيْرِ

## جنت میں ایسے لوگ داخل ہوں گے جن کے دل چڑیوں جیسے ہوں گے

صحیح مسلم 2840

یعنی چڑیوں کی طرح ان کے دل نرم ہوں گے



## کسی کو مصیبت میں مبتلا دیکھ کر پڑھنے کی دُعا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

جو شخص مصیبت میں گرفتار کسی شخص کو دیکھے اور کہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِی عَافَانِی مِمَّا ابْتَلَاکَ بِہِ،
وَفَضَّلَنِی عَلَی کَثِیرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیلًا،

سب تعریف اللہ کے لیے ہے کہ جس نے مجھے اس بلا و مصیبت سے بچایا
جس سے تجھے دوچار کیا،
اور مجھے فضیلت دی اپنی بہت سی مخلوقات پر

تو وہ زندگی بھر ہر بلا و مصیبت سے محفوظ رہے گا خواہ وہ کیسی ہو

**ترمذی 3431**



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

مَنْ ضَارَّ ضَارَّ اللّٰہُ بِہِ
وَمَنْ شَاقَّ شَاقَّ اللّٰہُ عَلَیْہِ

جو دوسرے کو نقصان پہنچائے
اللہ اسے نقصان پہنچائے گا

اور جو دوسرے کو تکلیف دے
اللہ تعالیٰ اسے تکلیف دے گا

سُنن ترمذی 1940، سُنن ابنِ ماجہ 2342،
سُنن ابو داؤد 3635




رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادِ مبارک میں ہے

---

أَلَا وَحَقُّهُنَّ عَلَيْكُمْ،

أَنْ تُحْسِنُوا إِلَيْهِنَّ فِي كِسْوَتِهِنَّ وَطَعَامِهِنَّ

## خبردار! اور تم پر ان کا حق یہ ہے کہ
## تم انہیں اچھا لباس اور اچھا کھانا مہیا کرو

( ترمذی 1163 )




رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

إِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُنْضِي شَيَاطِينَهُ كَمَا يُنْضِي أَحَدُكُمْ بَعِيرَهُ فِي السَّفَرِ

بیشک مؤمن اپنے شیطانوں کو اس طرح تھکا دیتا ہے،

جیسے تم میں سے کوئی

اپنے اونٹ کو سفر میں تھکا دیتا ہے

مسند احمد 150

# سوتے وقت گھر میں آگ جلتی نہ رہنے دیں

مدینہ منورہ میں ایک گھر رات کے وقت جل گیا
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق کہا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ

إِنَّ هَذِهِ النَّارَ إِنَّمَا هِيَ عَدُوٌّ لَكُمْ فَإِذَا نِمْتُمْ فَأَطْفِئُوهَا عَنْكُمْ

## آگ تمہاری دُشمن ہے

## اس لیے جب سونے لگو تو اسے بجھا دیا کرو

صحیح بخاری 6294، صحیح مسلم 5258، سُنن ابنِ ماجہ 3770



رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

مَثَلُ الَّذِي يَذْكُرُ رَبَّهُ وَالَّذِي لَا يَذْكُرُ رَبَّهُ
مَثَلُ الْحَيِّ وَالْمَيِّتِ

اس شخص کی مثال جو اپنے رب کو یاد کرتا ہے
اور اس کی مثال جو اپنے رب کو یاد نہیں کرتا
زندہ اور مردہ جیسی ہے

صحیح بخاری 6407، صحیح مسلم 1823





رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

---

اگر تم کسی بات پر قسم کھالو
اور پھر اس کے سوا دوسری چیز میں
بھلائی دیکھو تو وہ کرو جس میں بھلائی ہو
اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کر دو

صحیح بخاری 7147، 6722، صحیح مسلم 4281، سُنن ترمذی 1529،

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

# علمِ دین حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے،

سُنن ابنِ ماجہ 224



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

---

جب تم میں سے کوئی کھائے تو اللہ کا نام لے،
اگر شروع میں بِسْمِ اللہ بھول جائے تو اسے یوں کہنا چاہیئے

# بِسْمِ اللّٰہِ فِی اَوَّلِہٖ وَآخِرِہٖ

( یعنی اللہ تعالی کا نام لیتا ہوں شروع اور اخیر دونوں میں )

سُنن ابنِ ماجہ 3264 ، سُنن ابو داؤد 3767 ،
سُنن ترمذی 1858








رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

# لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں،

اور یہ کلمہ کوئی گناہ باقی نہیں چھوڑتا

ابنِ ماجہ 3797



## دیدارِ نبوی ﷺ کی تڑپ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

میری اُمت میں میرے ساتھ سب سے زیادہ محبت کرنے والوں میں وہ لوگ (بھی) ہیں جو میرے بعد ہوں گے،

ان میں سے (ہر) ایک یہ چاہتا ہوگا کہ کاش!
اپنے اہل و عیال اور مال کی قربانی دے کر مجھے دیکھ لے

صحیح مسلم 2832

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادِ مبارک میں ہے

---

وَأَمْرٌ بِالْمَعْرُوفِ صَدَقَةٌ وَنَهْيٌ عَنْ الْمُنْكَرِ صَدَقَةٌ

## اچھی بات کا حکم کرنا ایک صدقہ ہے،

## اور بُری بات سے روکنا ایک صدقہ ہے

**صحیح مسلم 1671، 2329، سُنن ابو داؤد 1285، 5243**



# زیادہ باتیں مت کرو

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ذکرِ الٰہی کے سوا کثرتِ کلام سے پرہیز کرو

اس لیے کہ ذکرِ الٰہی کے سوا کثرتِ کلام دل کو سخت بنا دیتا ہے

اور لوگوں میں اللہ سے سب سے زیادہ دُور

سخت دل والا ہوگا

مشکوۃ المصابیح 2276،سُنن ترمذی 2411



# موت کی سختیوں اور اذیت سے بچنے کی دُعا

## اَللّٰهُمَّ أَعِنِّيْ عَلَىٰ غَمَرَاتِ الْمَوْتِ

## وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ

اے اللہ! موت کی سختیوں اور موت کی اذیت سے
میری مدد فرما

O Allah! Help me with the throes of death and the agony of death

ترمذی 978



# اچھے اور بُرے لوگوں کی پہچان

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

-----------------

تم میں بہتر وہ ہے جس سے خیر کی اُمید رکھی جائے
اور جس کے شر سے امن ہو

اور تم میں سے بُرا وہ ہے جس سے
خیر کی اُمید نہ رکھی جائے اور جس کے شر سے امن نہ ہو

سُنن ترمذی 2263



# میل جول اور مصالحت کرانے کی فضیلت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَفْضَلَ مِنْ دَرَجَةِ الصِّيَامِ وَالصَّلَاةِ وَالصَّدَقَةِ؟

کیا میں تمہیں وہ بات نہ بتاؤں جو درجے میں روزے، نماز اور زکاۃ سے بڑھ کر ہے؟

لوگوں نے کہا: کیوں نہیں، آپ ﷺ نے فرمایا:

إِصْلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ وَفَسَادُ ذَاتِ الْبَيْنِ الْحَالِقَةُ

آپس میں میل جول کرا دینا، اور آپس کی لڑائی اور پھوٹ تو سر مونڈنے والی ہے

سُنن ابو داؤد4919 ،سُنن ترمذی2509

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادِ مبارک میں ہے:

---

إِنَّ الْمُؤْمِنَ إِذَا كَانَ فِي الصَّلَاةِ فَإِنَّمَا يُنَاجِي رَبَّهُ

**مومن جب نماز میں ہوتا ہے**

**تو وہ اپنے رب سے سرگوشی کرتا ہے**

صحیح بخاری 413، 417، 531، 405 صحیح مسلم 1230



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ:

## لوگوں میں سب سے بہتر کون ہے؟

آپ ﷺ نے فرمایا:

## كُلُّ مَخْمُومِ الْقَلْبِ صَدُوقِ اللِّسَانِ

# ہر صاف دل، زبان کا سچا

سُنن ابنِ ماجہ 4216

# اسلام میں دھوکہ دہی اور ملاوٹ کی ممانعت

مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے اناج کے ایک ڈھیر میں ہاتھ داخل کیا،
پھر کیا دیکھا کہ اس میں دھوکہ یا ملاوٹ کی گئی تھی،

پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

## لَيْسَ مِنَّا مَنْ غَشَّنَا

## وہ ہم میں سے نہیں ہے، جس نے ہم کو دھوکہ دیا

مسند احمد 5929



# صدقہ - قیامت کے دن کا سایہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

---

## إِنَّ ظِلَّ الْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَدَقَتُهُ

## مومن کے لئے قیامت کے دن سایہ اس کا صدقہ ہوگا

مسند احمد 18043 - مشکوٰۃ 1925





فرض نماز کی اقامت کے بعد کوئی اور نماز نہ پڑھنے کا بیان

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

إِذَا أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا صَلَاةَ إِلَّا الْمَكْتُوبَةَ

جب نماز کھڑی ہو جائے تو
سوائے فرض کے کوئی نماز نہیں

صحیح مسلم 1644/ سُنن ابوداؤد 1266 / سُنن نسائی 866/ سُنن ابنِ ماجہ 1151

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

---

جب تم رات میں کتوں کا بھونکنا
اور گدھوں کا رِینکنا سنو
تو اللہ کی پناہ مانگو
کیونکہ وہ ایسی چیزیں دیکھتے ہیں
جنہیں تم نہیں دیکھتے

سُنن ابو داؤد 5103



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

جس شخص نے مجھے خواب میں دیکھا تو بلاشبہ اس نے مجھے دیکھا۔
کیونکہ شیطان میری صورت میں نہیں آ سکتا

اور جو شخص مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ بولے
وہ دوزخ میں اپنا ٹھکانہ تلاش کرے

صحیح بخاری 6197.110

# مشورے میں خیروبرکت

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ

## میں نے رسول اللہ ﷺ سے بڑھ کر کسی کو نہیں دیکھا جو اپنے ساتھیوں سے زیادہ مشورہ لیتا ہو

ترمذی ذیل حدیث 1714

معلوم ہوا کہ اسلام میں مشورہ کی کتنی اہمیت ہے،
اگر سارے کام باہمی مشورہ سے انجام دیئے جائیں تو ان میں کافی خیرو برکت ہو گی،
اور رب العالمین کی طرف سے ان کاموں کے لیے آسانیاں فراہم ہوں گی
اور اس کی مدد شامل حال ہو گی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

سب سے جلدی جن نیکیوں کا ثواب ملتا ہے
وہ نیکی کرنا اور رشتے داری نبھانا ہے،

اور سب سے جلدی جن برائیوں پر عذاب آتا ہے
وہ بغاوت و سرکشی اور رشتے داری توڑنا ہیں

سُنن ابنِ ماجہ 4212



# 8 مصیبتوں سے
# نجات حاصل کرنے کی دُعا

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ | اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں |
| مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ | غم والم سے |
| وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ | عاجزی سے، سستی سے، |
| وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ | بخل سے، بزدلی سے |
| وضَلَعِ الدَّيْنِ | قرض چڑھ جانے سے |
| وغَلَبَةِ الرِّجَالِ | اور لوگوں کے غلبہ سے |

صحیح بخاری 6369

# صُبح کے وقت میں برکت

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

---

## اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِي فِي بُكُورِهَا

## اے اللہ! میری اُمت کے لیے صُبح کے وقت میں برکت عطا فرما

سُنن ابنِ ماجہ 2238



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

# دو آدمیوں کے درمیان گھس کر ان کی اجازت کے بغیر نہ بیٹھا جائے

سُنن ابو داؤد 4844-4845 ترمذی 2752

معلوم ہوا کہ بیٹھے ہوئے دو آدمیوں کے درمیان بغیر اجازت کسی کا بیٹھنا صحیح نہیں، اگر وہ دونوں اجازت دے دیں تو پھر بیٹھنے میں کوئی حرج نہیں ہے



# وُرثا کے لیے حَلال جمع پُونجی چھوڑ کر مرنا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ میں بیمار پڑ گئے،
حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی عیادت فرمائی
اس موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا:

**اگر تم اپنے وارثوں کو اپنے پیچھے مالدار چھوڑو**
**تو یہ اس سے بہتر ہے کہ انہیں محتاج چھوڑو**
**کہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھریں**

صحیح بخاری 2742



# قرض کا مال

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

---

جو کوئی لوگوں کا مال قرض کے طور پر
ادا کرنے کی نیت سے لیتا ہے
تو اللہ تعالیٰ بھی اس کی طرف سے ادا کرے گا

اور جو کوئی نہ دینے کے لیے لے،
تو اللہ تعالیٰ بھی اس کو تباہ کر دے گا

صحیح البخاری 2387



# خواب اور تعبیر

ابورزین عقیلی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

---

مومن کا خواب نبوت کا چالیسواں حصہ ہے
اور خواب کی جب تک تعبیر نہ بیان کی جائے وہ ایک پرندے کے پنجہ میں ہوتا ہے،
پھر جب تعبیر بیان کر دی جاتی ہے تو وہ واقع ہو جاتا ہے

ابورزینؓ کہتے ہیں میرا خیال ہے آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا :

خواب صرف اس سے بیان کرو جو عقلمند ہو یا جس سے تمہاری دوستی ہو

**ترمذی 2278 ابو داؤد 5020**

یعنی اس خواب کی تعبیر جب تک بیان نہیں کی جاتی یہ خواب معلق رہتا ہے،
اس کے لیے ٹھہراؤ نہیں ہوتا، تعبیر آ جانے کے بعد ہی اسے قرار حاصل ہوتا ہے

# جھوٹا خواب بیان کرنے کی سزا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

---

إِنَّ مِنْ أَفْرَى الْفِرَى أَنْ يُرِيَ عَيْنَيْهِ مَا لَمْ تَرَ

سب سے بدترین جھوٹ یہ ہے کہ
انسان خواب میں ایسی چیز کو دیکھنے کا دعویٰ کرے
جو اس کی آنکھوں نے نہ دیکھی ہو

صحیح البخاری 7043



# مریض اور میت کے پاس کیا کہنا چاہیئے؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

إِذَا حَضَرْتُمُ الْمَرِيضَ أَوِ الْمَيِّتَ فَقُولُوا خَيْرًا
فَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ يُؤَمِّنُونَ عَلَى مَا تَقُولُونَ

جب تم بیمار یا میت کے پاس جاؤ، تو اچھی بات کہو،
اس لیے کہ فرشتے تمہاری باتوں پہ آمین کہتے ہیں

سُنن ابنِ ماجہ 1447، صحیح مسلم 2129، سُنن نسائی 1826، سُنن ترمذی 977

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

---

السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ

# مِسواک

منہ کی پاکیزگی، رب تعالیٰ کی رضا کا ذریعہ ہے

سُنن نسائی 05





# مسواک کا اہتمام

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

**اگر مجھے اپنی اُمت یا لوگوں**
**کی تکلیف کا خیال نہ ہوتا تو**
**میں ہر نماز کے لیے**
**ان کو مسواک کا حکم دے دیتا**

صحیح بخاری 887

# جماعت میں اگلی صفوں کا اہتمام - باعثِ رحمت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى الصُّفُوفِ الْمُتَقَدِّمَةِ

اللہ تعالیٰ اگلی صفوں پر
اپنی رحمتیں نازل فرماتا ہے،
اوراس کے فرشتے اس کے لیے دعائیں کرتے ہیں

سُنن نسائی 812، سُنن ابو داؤد 543، 664،

سُنن ابنِ ماجہ 997



# اچھا کھائیں، اچھا پہنیں، اچھے سے رہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ أَنْ يَّرَى أَثَرُ نِعْمَتِهِ عَلَى عَبْدِهِ

## اللہ اپنے بندے پر
## اپنی نعمت کا اثر دیکھنا پسند کرتا ہے

ترمذی **2819**

یعنی جس کی جیسی اچھی حیثیت ہو اسی لحاظ سے وہ حدود شریعت میں رہتے ہوئے
اچھا کھائے پیے اور اچھا پہنے خوشحالی کے باوجود پھٹیچر نہ بنا رہے

## بھلائی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا
## عذاب سے بچنے اور دعا کی قبولیت کا سبب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے!
تم معروف (بھلائی) کا حکم دو اور مُنکر ( برائی) سے روکو

ورنہ قریب ہے کہ
اللہ تعالیٰ تم پر اپنا عذاب بھیج دے
پھر تم اللہ سے دُعا کرو اور تمہاری دُعا قبول نہ کی جائے

**سُنن ترمذی 2169**

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب بندہ بیمار ہوتا ہے یا سفر کرتا ہے
تو اس کے لیے
ان تمام عبادات کا ثواب لکھا جاتا ہے

جنہیں اقامت یا صحت کے وقت
یہ کیا کرتا تھا

صحیح بخاری 2996





رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادِ مبارک میں ہے:

# صدقہ میں تاخیر نہ کر

## کہ جب روح حلق تک پہنچ جائے

## تو کہنے بیٹھ جائے کہ اتنا مال فلاں کے لیے،

## فلانے کو اتنا دینا، اب تو فلانے کا ہو ہی گیا

صحیح بخاری 1419، 2748، صحیح مسلم 2382،

سُنن ابو داؤد 2865، سُنن نسائی 3641




# بے مثال سخاوت

جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ

کبھی ایسا نہیں ہوا کہ
رسول اللہ ﷺ سے کسی نے کوئی چیز مانگی ہو
اور آپ ﷺ نے اس کے دینے سے انکار کیا ہو

صحیح بخاری 6034

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

## جب مرغ کی بانگ سنو تو اللہ سے اس کے فضل کا سوال کیا کرو، کیونکہ اس نے فرشتے کو دیکھا ہے

## اور جب گدھے کی آواز سنو تو شیطان سے اللہ کی پناہ مانگو کیونکہ اس نے شیطان کو دیکھا ہے

صحیح البخاری 3303، صحیح مسلم 6920،

ترمذی 3459، سُنن ابو داؤد 5102

| | |
|---|---|
| مرغ کی آواز سن کر کہیں | اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ مِنۡ فَضۡلِكَ وَرَحۡمَتِكَ<br>اے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل و رحم کا سوال کرتا ہوں |
| گدھے کی آواز سن کر کہیں | أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيۡطَانِ الرَّجِيۡمِ،<br>پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کی، شیطان مردود سے |

# ایک دوسرے کی خوب مدد کریں

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادِ مبارک میں ہے

---

مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ يَنْفَعَ أَخَاهُ فَلْيَفْعَلْ

تم میں سے جو کوئی
اپنے بھائی کو فائدہ پہنچا سکتا ہو
تو وہ ایسا کرے

صحیح مسلم 5729



# بہت گرم کھانے سے
# مُمکنہ حد تک اجتناب



حضرت سیدنا جابِربرَضِیَ اللہُ عَنْہُ بیان کرتے ہیں کہ نبیِّ کریم ﷺ نے اِرشاد فرمایا :

## گرم کھانا ٹھنڈا کر لیا کرو
## کیونکہ گرم کھانے میں بَرکت نہیں ہوتی۔

(مستدرك، كتاب الاطعمة، باب ابردوا الطعام الحار، 5/162، حديث: 7207)

---

سیدہ اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما کے پاس جب ثرید لایا جاتا تو وہ حکم دیتی تھیں کہ اسے ڈھانپ دیا جائے یہاں تک کہ اس کا ابھال اور بھاپ وغیرہ ختم ہو جائے (یعنی ٹھنڈا ہو جائے) اور وہ کہتی تھیں کہ

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے، آپ ﷺ فرماتے تھے

## یہ ( یعنی ٹھنڈا کر کے کھانا) بہت زیادہ برکت کا سبب ہے

سُنن دارمی 2084

ٹھنڈا کھانے کا مطلب یہ نہیں کہ فریج میں رکھ کر کھایا جائے بلکہ فوراً چولہے سے اترا ہوا کھانا نہ کھانا چاہیے کیونکہ اس سے ضرر پہنچنے کا بھی خطرہ ہے اور عدم برکت کی خبر ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

## حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِي وَيُصِمُّ

## تمہارا کسی چیز سے محبت کرنا تمہیں اندھا بہرہ بنا دیتا ہے

سُنن ابوداؤد 5130

یعنی محب کو محبوب کے عیوب نظر نہیں آتے، اور نہ ہی اس کی ناگوار باتیں اسے ناگوار لگتی ہیں



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

---

إِنَّ مَنْ قَرَأَ سُورَةَ الْكَهْفِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ أَضَاءَ لَهُ مِنَ النُّورِ مَا بَيْنَ الْجُمُعَتَيْنِ

جو شخص جمعہ کے دن سورۃ الکہف پڑھتا ہے،

اس کے لیے دو جمعوں کے درمیان

ایک (خاص) نور روشن کیا جاتا ہے

مستدرك حاكم 3392. مشكوة المصابيح 2175




رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

## جمعہ کا دن تمہارے بہترین دنوں میں سے ہے،

## لہٰذا اس دن

## میرے اوپر کثرت سے درود ( صلاۃ ) بھیجا کرو،

## اس لیے کہ تمہارے درود مجھ پر پیش کئے جاتے ہیں

**سُنن ابوداؤد 1531**

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْد
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْد

# جمعہ کے دن جلدی جانے کی فضیلت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

جب جمعہ کا دن آتا ہے تو مسجد کے ہر دروازے پر فرشتے کھڑے ہو جاتے ہیں
اور سب سے پہلے آنے والے اور پھر اس کے بعد آنے والوں کو
نمبر وار لکھتے جاتے ہیں۔

پھر جب امام ( خطبے کے لیے منبر پر ) بیٹھ جاتا ہے
تو یہ فرشتے اپنے رجسٹر بند کر لیتے ہیں اور ذکر سننے لگ جاتے ہیں

صحیح البخاری 3211



# مہمانداری کے آداب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

---

جو شخص اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو
اسے اپنے مہمان کی عزت کرنا چاہیئے

اس کی خاطر داری بس ایک دن اور رات کی ہے
مہمانی تین دن اور راتوں کی، اس کے بعد جو ہو وہ صدقہ ہے

اور مہمان کے لیے جائز نہیں کہ وہ اپنے میزبان کے پاس
اتنے دن ٹھہر جائے کہ اسے تنگ کر ڈالے

صحیح بخاری 6135





**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا**

---

رات کا اندھیرا شروع ہونے پر یا رات شروع ہونے پر اپنے بچوں
کو اپنے پاس ( گھر میں ) روک لو،
کیونکہ شیاطین اسی وقت پھیلنا شروع کرتے ہیں

پھر جب عشاء کے وقت میں سے ایک گھڑی گزر جائے تو
انہیں چھوڑ دو ( چلیں پھریں ) پھر اللہ کا نام لے کر اپنا دروازہ بند کرو،

اللہ کا نام لے کر اپنا چراغ بجھا دو، پانی کے برتن اللہ کا نام لے کر ڈھک دو،
اور دوسرے برتن بھی اللہ کا نام لے کر ڈھک دو
(اور اگر ڈھکن نہ ہو) تو درمیان میں ہی کوئی چیز رکھ دو

صحیح بخاری 3280، 5623، صحیح مسلم 5250

# نظر کا لگنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

---

اِسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ

فَإِنَّ الْعَيْنَ حَقٌّ

## اللہ کی پناہ طلب کرو،

## اس لیے کہ نظرِ بد حق ہے

سُنن ابنِ ماجہ 3508



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

جو شخص بازار میں داخل ہوتے وقت دُعا یہ پڑھے:

لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ كُلُّهُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

اکیلے اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، اس کا کوئی شریک نہیں،
اسی کے لیے حکمرانی ہے، اور اسی کے لیے ہر طرح کی حمد و ثناء ہے، وہی زندگی، اور موت دیتا ہے،
اور وہ زندہ ہے، اس کے لیے موت نہیں، اسی کے ہاتھ میں سارا خیر ہے
اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے

تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے دس لاکھ نیکیاں لکھے گا، اور اس کی دس لاکھ برائیاں مٹا دے گا، اور اس کے لیے جنت میں ایک گھر تعمیر کرے گا

سُنن ابنِ ماجہ 2235، سُنن ترمذی 3429

بازار دنیا میں مشغول ہونے اور اللہ سے غفلت کی جگہ ہے
تو اس جگہ اللہ کو یاد رکھنا بڑے اجر کا باعث ہے



نیکی و بھلائی کی تعلیم دینے والوں کے منفرد مقام

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اللہ اور اس کے فرشتے اور آسمان اور زمین والے
یہاں تک کہ چیونٹیاں اپنی سوراخ میں
اور مچھلیاں اس شخص کے لیے
جو نیکی و بھلائی کی تعلیم دیتا ہے

# خیر و برکت کی دعائیں کرتی ہیں

سُنن ترمذی 2685 مشکوٰۃ 213

# بڑا بھائی باپ کی جگہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

---

حقُّ كبيرِ الإِخوَةِ على صَغِيرِهِمْ حَقُّ الْوَالِدِ عَلَى وَلَدِهِ

بڑے بھائی کا اپنے چھوٹے بھائیوں پر ایسے حق ہے

جیسے والد کا اپنی اولاد پر حق ہے

مشکوٰۃ المصابیح 4946

(رواہ البیہقی فی شعب الایمان)

# روزی کمانے کی ترغیب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

---

لَا بَأْسَ بِالْغِنَى لِمَنِ اتَّقَى وَالصِّحَّةُ لِمَنِ اتَّقَى خَيْرٌ مِنَ الْغِنَى

وَطِيبُ النَّفْسِ مِنَ النَّعِيمِ

اہلِ تقویٰ کے لیے مالداری کوئی حرج کی بات نہیں،

اور تندرستی متقی کے لیے مالداری سے بہتر ہے،

اور خوش دِلی بھی ایک نعمت ہے

سُنن ابنِ ماجه **2141**

# سورۃ الملک کی فضیلت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

قرآن کی تیس آیتوں کی ایک سورۃ نے
ایک آدمی کی شفاعت ( سفارش ) کی
تو اسے بخش دیا گیا

تَبَارَكَ الَّذِىْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ

( ترمذی 2891 )

# محبت اور نفرت میں میانہ روی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اپنے دوست سے اعتدال اور توسط کے ساتھ دوستی رکھو
شاید وہ کسی دن تمہارا دشمن ہو جائے

اور اپنے دشمن سے اعتدال اور توسط کے ساتھ دشمنی کرو
شاید وہ کسی دن تمہارا دوست بن جائے

سُنن ترمذی 1997



# دُنیا اور آخرت کی فکر

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

جس کا مقصودِ زندگی آخرت ہو اللہ تعالیٰ اس کے دل میں استغناء و بے نیازی پیدا کر دیتا ہے، اور اسے دل جمعی عطا کرتا ہے، اور دنیا اس کے پاس ذلیل ہو کر آتی ہے

اور جس کا مقصودِ طلب دنیا ہو، اللہ تعالیٰ اس کی محتاجی اس کی دونوں آنکھوں کے سامنے رکھ دیتا ہے اور اس کی جمع خاطر کو پریشان کر دیتا ہے اور دنیا اس کے پاس اتنی ہی آتی ہے جو اس کے لیے مقدر ہے

ترمذی 2465



# سیاسی کشیدگی کیوں؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادِ مبارک میں ہے

وَمَا لَمْ تَحْكُمْ أَئِمَّتُهُمْ بِكِتَابِ اللهِ
وَيَتَخَيَّرُوا مِمَّا أَنْزَلَ اللهُ إِلَّا جَعَلَ اللهُ بَأْسَهُمْ بَيْنَهُمْ

جب ان کے حکمران
اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلے نہیں کرتے،
اور اللہ نے جو نازل کیا ہے اس کو اختیار نہیں کرتے،
تو اللہ تعالیٰ ان میں پھوٹ اور اختلاف ڈال دیتا ہے

سُنن ابنِ ماجہ 4019



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

# لَا آکُلُ مُتَّکِئًا

# میں ٹیک لگا کر نہیں کھاتا

صحیح بخاری 5398، 5399، ترمذی 1830،

سُنن ابو داؤد 3769، سُنن ابنِ ماجہ 3262

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

# موسم سرما مومن کے لئے موسم بہار ہے

مسند احمد 11716

(یعنی دن چھوٹا ہو جاتا ہے تو روزہ رکھتا ہے
رات لمبی ہوتی ہے تو وہ قیام کرتا ہے)

